CUPRUM MET...

CUPRUM MET...

جنسیات اور نفسیات کا ٹکراو کیوپرم میٹ کو اس سے اچھا بیان نہیں کیا جا سکتا یہی اسکا جوھر ھےاسی سے مریض ٹوٹتا ھے.....ڈاکٹر اسرارالحق سہروردی...
گزشتہ سال کے ایک کیس کی روداد

قریبا دو ماہ سے ایک پینتیس سالہ چار بچوں کا باپ جو ہائی بلڈ پریشر 160/120 میرے زیر علاج تھا، سوائے وقتی آفاقہ کے مستقل کامیابی نہ مل رہی تھی، پیشنٹ اس سے قبل بھی ایلوپیتھک علاج کرا چکا تھا مگر بلڈ پریشر مستقل ٹھیک نا ہو سکا تو، مستقل علاج کی غرض سے مجھ سے رابطہ کیا، بار بار کیس ٹیکنگ کی گئی، کیس کو ہر پہلو، زاویہ سے دیکھا پرکھا گیا، لیکن بے سود رہا۔
پیشنٹ سوائے ہائی بلڈ پریشر کے جو 160/120 اور کبھی 160/110 رہتا تھا اور جسمانی طور پہ کسی قسم کا کوئی عارضہ سامنے نا آسکا تھا....مریض جوان خوبصورت بظاہر قابل رشک صحت کا حامل تھا۔
پھر سے روٹین فالو اپ کے لیئے حاضر ہوا تو بلڈ پریشر جوں کا توں برقرار تھا، تب کہنے لگا ڈاکٹر صاحب مجھے چھوڑیئے میرا علاج ہوتا رہےگا آپ پلیز میری مسزز کا کوئی علاج ہے تو اسکی دوا دیجیئے، گزشتہ چار سال سے میری جنسی طلب پوری نہی ہو پارہی، میں جب بھی انٹرکورس سٹارٹنگ پوزیشن میں ہوتا ہوں میری مسز بے ہوش ہو جاتی ہیں، تب مجھے تو بس اسکی پڑ جاتی ہے اور بہت تگ و دو کے بعد اسے ہوش آتی ہے، اسکی کشمکش میں میری جنسی خواہش پوری نہی ہو پاتی تو مجھے اپنے جزبات دبا کر رکھنے پڑتے ہیں...
بس پھر کیا تھا اتنی بات سنی تھی کہ کونیم 1 ایم کے تین ڈراپ جوان کی زیر زبان ٹپکا دیئے، اور اسکی مسز کی کیس ٹیکنگ جاری رکھی، کیس ٹیکنگ مکمل ہونے پر بلڈ پریشر چیک کیا گیا 130/80 تھا ...اور الحمداللہ اسکے بعد پھر کبھی بلڈ پریشر ہائی نہی ہوا....
اور اسکی مسز بارے مزید سوال جواب جاری رکھے...
مسز کی ایج 32 سال
چار بچوں کی ماں
جسمانی طور پہ نا کمزور اور نا ہی موٹاپا مائل
گزشتہ چار سال سے یہ بے ہوشی والی کیفیت سے دوچار تھی مختلف حکما اور گائناکالوجسٹ اور جنرل فزیشن سے ٹریٹمنٹ لیا گیا لیکن بے سود ۔
علامات جو بتائی گئیں وہ مندرجہ ذیل تھیں
ہمبستری کی شروعات میں ہی فورا پنڈلیوں میں شدید درد اور ساتھ ہی ہاتھ پاوں مکمل ٹھنڈے ہو جاتے ہیں ہاتھوں کے ناخن نیلے ہوجاتے ہیں، ہاتھ بھی بھینچ جاتے ہیں۔ پھر بے ہوش ہو جاتی ہے۔
پھر کچھ وقت ناک دبا کر رکھنا پڑتی ہے اور پانی کے چھینٹے مارنا پڑتے ہیں تب پندرہ سے بیس منٹ لگتے ہیں ہوش میں لانے کے لیئے۔
اور کوئی خاص علامت نا مل سکی۔
کیوپرم میٹ 200 کی چار پڑیاں بنا کر دے دیں، روزانہ ایک پڑیا دینے کو بولا اور ایک ہفتہ بعد رپورٹ دینے کا کہا ...

الحمداللہ اسکے بعد کبھی بے ہوشی نہی ہوئی ---

TALB E DUA Ź NAVEED REHMAN
03325863430 what's up